© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اشارات

اپریل سے اشارات کا ایک خاص سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ جون میں رسالے کی ترتیب کچھ ایسی رہی کہ اشارات کو مختصر کرکے لکھا گیا اور ایک مفصل مربوط بحث کے بجائے گفتگو کی چند چھوٹی چھوٹی کڑیاں بیان کی جاسکیں۔ وہ بھی پوری نہ آسکیں۔ پچھلی مرتبہ چند صفحے بچ گئے، وہ اس مرتبہ دیے جارہے ہیں۔

اب جو چند ابواب فکر ذہن میں باقی ہیں، خدا سے امید ہے کہ وہ انہیں مسلسل اور مربوط طور پر بیان کرنے کی توفیق دے گا اور ان کا سلسلہ دو تین ماہ میں مکمل ہوجائے گا۔ جملہ محبتوں سے درخواستِ دعا۔

---

ایک عرصے سے ترجمان القرآن کی اشاعت ماہ بہ ماہ صحیح وقت پر نہیں ہورہی۔ کئی بار کوشش کی گئی کہ چول سے چول ٹھیک بیٹھ جائے۔ مگر ادارت، کتابت، سنسر، طباعت اور نظامت کے پانچ مراحل میں کہیں نہ کہیں ہر مرتبہ کوئی خلل آجاتا ہے۔ مثلاً پچھلا پرچہ ادارت وکتابت کی منزلیں ۱۵ رجون تک طے کرگیا مگر رسالہ چھپ کر دفتر میں ۲۹ رجون کو پہنچا۔ تاہم عمل کی اس گرانی کا یہی علاج ہے کہ حدی خوانی کو تیز تر کردیا جائے۔ چنانچہ اب جولائی کے شمارے میں صرف چند صفحات کی کمی ہے، اغلباً ۴، ۵ تک کام مکمل ہوجائے گا۔ اگر انتظامی اور طباعی عمل میں کوئی خلل نہ پڑا تو کوئی وجہ نہیں کہ رسالہ ۱۲ رجولائی تک روانہ نہ ہوجائے۔ ایسا ہو تو اگست کا شمارہ یکم یا اس سے پہلے آسکتا ہے۔

اس کے لیے ہم بھی خدا سے مدد مانگتے ہیں، آپ سب بھی آمین کہیں۔

---

© rasailojaraid.com